ومن یؤت الحکمة فقد اوتی خیرا کثیرا
دریں ایام سعادت انضمام مسرت التیام کتاب حکمت
انتساب مفید خاص و عام بطبیعت انجام المرسوم به
من مصنف انیف حکیم حاذق طبیب فائق حاجی الحرمین شریفین حاجی
حکیم محمد عاشق حسین خان آغامی الوالد ابن حاجی حکیم محمد عنایت علیخان
در مطبع گلزار دکن ... طبع گردید ۱۳۰۷

امتزاج افروز طبع انقلاب
اعتدال آموز خاک و باد و آب

خالق ارواح حق جل و علیٰ
فاعل افعال اعضا و قویٰ

ہی عناصر کو اوسی سی ارتباط
کیفیات مختلف کو اختلاط

چار کو دی چار کیفیت مدام
روح کا تن مین ہے جن سی انتظام

تین روحین کی ہین انسان کو عطا
دل جگر اور مغز سر ہی اونکی جا

پہلی قوت کا تو حیوانی ہی نام
زندہ سب اوس سے ہین دل اسکا مقام

دوسری کو قوتین ہین چار کیا
چار سی کی چار کو نصرت عطا

اور اونکی خاص خادم چار ہین
روح طبعی کے یہ خدمتگار ہین

قوت ثالث مین ہین خمسہ حواس
پانچمین ہی پانچ مین کر لو قیاس

ہو اگر اک ذرہ انمین اختلال
بس فنا کا ہی بقا پر احتمال

گر نہو مبذول اوسکا التفات
ہو ابھی مفقود نام ممکنات

نقش ہستی کر ابھی موہوم ہون
جتنے موجودات ہین معدوم ہون

خالق و رازق حکیم جان نواز
حافظ و ناصر معین کارساز

لطف معبودی ہے بندون پر مزید
ہی قریب اقرب من حبل الورید

نطق سی نطق آفرین کا کب بیان
ہو سکے ای ہاتف عی اللسان

بندۂ ناچیز تو ہی بی گمان
قاصر و عاجز ہین پیغمبر یہان

اب توسل احمد مرسل کا کر
تا دعا کو ہو اجابت کا اثر

نعت شریف سرورِ کائنات مفخرِ موجودات امام النبیین خاتم المرسلین
حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وازواجہ وسلم

ہے محمد رحمت للعالمین — بادشاہ دین شفیع المذنبین
ہے یہی دانا ہی رمز ایمان — باعث ایجاد لولاک لما
جسکی نباضی کا اعجاز عظیم — زندہ کرتا ہے کئی عظم رمیم
جس سے ہے امراض عصیانکا علاج — ہے شفاعت کی اوسی سے احتیاج
جس وجود پاک کا سایہ نہین — کوئی مرسل اوسکا ہمپایہ نہین
افتخار بعثت پیغمبران — جان عالم بادشاہ انس و جان
قاب قوسین اوسکی یکتائی کا گھر — خلعت معراج سے ہے مفتخر
جسکی ایما سے ہوا شق القمر — نور ہے وہ ذات حق کا سربسر
کیا کھینچے نقشہ تن پر نور کا — عکس کیا ہو جلوۂ کوہ طور کا
روح ہے وہ جسم خاص و عام کی — جان ہے ایمان کی اسلام کی
چار ہین ارکان اصحاب کبار — دین حق کا ذات سے جنکے قرار
پنجتن امت کے ہین خمسہ حواس — طاہر و محمود وارد نفس و حواس
آل اور اصحاب ہین سب پاک ہین — مقتدان خالق افلاک ہین
جنکا مدحت گر ہے قرآن خدا — اونکی ہو توصیف پھر کس سے ادا
اونسے جو منکر ہے اونکو کیا کہون — استعیذ اللہ مما یفترون

نعت احمد مین مجھے کچھ یاد ہے — عارف باللہ کا ارشاد ہے

مصطفے کو کیا سمجھتا ہے عزیز — چاہیئے اوسکے سمجھنے مین تمیز

بندہ ناچیز ہو نہین اے عزیز — پھر کہان لاؤن سمجھنے کی تمیز

لطف سے اوسکے جو قسمت ہو نصیب — خضر بنجائے کوئی روشن ضمیر

سرِ حق سے جو استمداد ہو — قرب احمد سے دل اپنا شاد ہو

منقبت منیف عمدۃ الاولیا قدوۃ الاصفیا واقف اسرار لاہوت و کاشف سرایر ملکوت مظہر جمال صفات محمود مصدر کمال ذات معبود حضرت پیر و مرشد آغا محمد داؤد صاحب ابو العلائی مدظلہ العالی

اب صفت ہے سرِ حق آگاہ کی — واصل حق مقبل درگاہ کی

عارف باللہ کی توصیف ہے — عاشق اللہ کی تعریف ہے

پیشوائے شرع دین مصطفے — رہنمائے سِر راہ مرتضے

ہے گل بستان ارشاد ہدا — نور شمع دودمان بو العلا

واقف اسرار رمز کبریا — کاشف استار کشف الغطا

زبدۂ اخیار و ارباب صفا — اسوۂ ابرار و اصحاب وفا

بایزید عصر و ذوالنون زمان — وقت کا معروف سمنون جہان

زنج بیل دہر و سری زمن — عارف باللہ و شبلی دکن

محو ذات حق ہی وہ عالی مقام ۔ ذات سے جسکے توکل کا قیام
با جمال و با جلال و با کمال ۔ بی نظیر و بی عدیل و بے مثال
عرصۂ عرفان مین جسکا ہر مرید ۔ مارتا ہی نعرۂ ہل من مزید
جان تازہ تن مین آتی ہی مدام ۔ با ادب لیتا ہون جب مرشد کا نام
یہہ بڑا اکرام ہے معبود کا ۔ ہی محمد تاج سر داود کا
ہی لقب آغا ہمارے پیر کا ۔ مرشد ہادی با توقیر کا
وہ مسیحائی ہی اسکی ذات مین ۔ مردہ دل زندہ کرے ہر بات مین
جسکو دے معجون اسرار قدم ۔ فرحت روحی ہو حاصل دمبدم
جسکو دے کحل الجواہر راز کا ۔ دیدۂ باطن کی بڑہ جائی ضیا
جب دُرِ مکنون دیا ارشاد کا ۔ آبرو ہستی کی پاکر خوش ہوا
بیخودی کے آب سے وہ با عمل ۔ دلکی ہاون مین اوسی کرتا ہی حل
شوق سے اوسکے جو استعمال کا ۔ بہذل کرتا ہے قیل وقال کا
یہہ دوا اپنی اثر مین تیز ہے ۔ یان من و تو کا بڑا پرہیز ہے
نفی ہو جاتی ہے فکر کائنات ۔ رہتی اثبات ہی مین عین ذات
اس حقیقت کی حقیقت دیکھہ لی ۔ قلب مین آغا کی صورت دیکھہ لی
ہی سپہر معرفت کا آفتاب ۔ ہر دل اہل دکن ہے نوریاب

تعریف لطیف بادشاہ عادل و باذل یکتائی زمن قدر قدرت

مریخ صولت بہرام منزلت اعلیٰ حضرت حضور پرنور میر محبوب علی خان بادشاہ فرمان روائی دکن صانہ اللہ عن الشرور والفتن

ذی کرم ذی رتبہ ذیجاہ دکن
میر محبوب علی شاہ دکن

حق نے بخشی ہی اوسی وہ سروری
اوسکے لشکر کا ہے نجم دار اشکری

جب یہہ دیکھے عزت و فر سامنے
سر کے بل آئے سکندر سامنے

ذی حشم ذی مرتبت ذیجاہ ہے
اوسکا کیکاوس دولت خواہ ہے

جم کو اوسکی بزم کی ہی آرزو
جام لی آئے ادب سی روبرو

یہہ وہ ہی سلطان فرخندہ خطاب
خادم درگاہ ہی افراسیاب

مرتبہ فغفور سے ہی ہے سوا
گلہ بان تیمور اسکا ذکر کیا

اوسکا شاہوں سے ہے برتر مرتبہ
ہی عجب اللہ ہو اکبر مرتبہ

پائے کب اوسکی سخا کی انتہا
جو ملا حاتم کو اوس در سے ملا

ہی طبیب حاذق درماندگان
ہی حکیم و دستگیر بیکسان

جب ہوا حاضر مریض فلاسکا
شربت دینار اوسکو دیدیا

پھر تو اوس بیمار کو صحت ملی
مفلسی جاتی رہی دولت ملی

ہی رعیت شاد اوسکے عہد مین
شہر ہی آباد اوسکے عہد مین

ہی وزیر اوسکا فہیم روزگار
ذی فراست ذی متانت ذی وقار

عقدۂ مشکل اگر پایا تو کیا — ناخن تدبیر سے وا کر دیا

اوسکی سب پر ہی عنایت گستری — اوسکی عادت ہی رعیت پروری

ہر کس و ناکس ہی آسایش کی سات — عہد مین اوسکے ہی آرایش کی سات

ہی بہت اہل ہنر کا قدر دان — یہہ وزیر ذی کرم دولت نشان

شکر کرتا ہون خدا کا بی حساب — عہد محبوبی مین یہہ لکہی کتاب

سبب تالیف کتاب

حبذا ای فکر روشن حبذا — حبذا ای جوہر فن حبذا

خوب چمکایا مری تقدیر نے — بہرہ ور مجہکو کیا تدبیر نے

تہا کہان کس جا پہونچایا مجہے — ایکدن ایسا خیال آیا مجہے

نثر مین ہی علم طب کی ہر کتاب — اپنی اپنی وضع پر بس لاجواب

آجتک طب شہابی کے سوا — رخ نہ سوئی نظم اطبا نے کیا

فکر کو اس فن مین کیون کہتا ہی ست — نظم کچہہ کر لے کمر کو باندہ چست

تو ہی کچہہ کہتا ہی میراث پدر — ہی قدامت سی طبابت تیرے گہر

نظم کر اس علم کو ہمت نہ ہار — تا زمانے مین رہے کچہہ یادگار

پہر تو مینے لیکی نام کبریا — فکر بہر نظم کی سب بے انتہا

تندرستی کے لکہی اسباب کچہہ — مانع صحت کے بہی ابواب کچہہ

پہر علامات حدوث ہر مرض — اور پہچانت بہی اوسکی الغرض

منتقل امراض کی لکھے ہین نام ۔ اور موروثی بھی بیماری تمام
اور نشان خاص محمود و ردی ۔ لکھدئی ہین اس رسالہ مین سبھی
نبض کی بھی کیفیت ہی بر ملا ۔ حال تقارورہ کا بعد اسکے لکھا
ہر مرض کی صاف لکھدی ہے دوا ۔ آزمایا جسکو مینے بارہا
رات دن پڑتا ہی جن اشیا سے کام ۔ خاصیت مینے لکھی اوسکی تمام
کیا ابازیر و لحوم و لبنیات ۔ کیا حبوب اور کیا بقول و میوہ جات
لکھدئے ہین نام ادویات کے ۔ کل مضرات و مقویات کے
اور بھی لکھے ہین کچھ اسکے سوا ۔ کام کی باتین تمام ایک ایک جا
تھی اگرچہ یہہ بڑی مشکل کی بات ۔ مختلف بحرون مین لکھی مفردات
لکھدیا ہی نظم مین مینے تمام ۔ ہر زبان مین اس دوا کا یہہ ہی نام
کردیا مشکل کو کیا کیا سہل تر ۔ تا رہے از بر زبان خلق پر
حسب موقع تا کہ کیجے آئے کام ۔ اور ہوجائے مفید خاص و عام
اپنی اہل فن کی خدمت مین ہے عرض ۔ عرض یہہ ہے اتنی ہے مجھکو فرض
سہو انسانی اگر کچھ دیکھہ پائین ۔ دین صلاح نیک یا اوسکو چھپائین
خاکسار و عاجز و رنجور ہون ۔ با لقب ناچیز مین مشہور ہون

بیان اخلاط

ایک جا اضداد نے پایا قرار ۔ حکمت خلاق کی ہین ہم نثار

خاک و آتش اور یہ آب و ہوا — چار جب اکٹھے ہوے آدم بنا
انمین ہین کیفیتین دو دو تمام — ہی عناصر بھی انہین چارونکا نام
گرم و خشک آتش ہی سرد و تر ہی آب — باد گرم و تر ہے ای نیکو خطاب
خاک سرد و خشک رکھتی ہی مزاج — چار پھر خلطون سے لازم احتیاج
خون گرم و تر ہی صفرا گرم و خشک — اسکو کہتے ہین اطبا گرم و خشک
سرد و تر بلغم ہی سودا خشک و سرد — ہین یہ چارون کالی اوجلی لال زرد
ہون اگر چارون بحدِ اعتدال — پھر تو انسانکی طبیعت ہی بحال
ہو اگر انمین کوئی کم یا زیاد — پھر تو بیماری کا پڑتا ہے فساد
سردی و گرمی ہو خشکی یا تری — دی جوان خلطونکو بیشی یا کمی
ہوگا کوئی اک نہ اک پیدا مرض — صحت جسمی نہوگی الغرض
خون مین گرمی اگر پاوے ظہور — تشنگی غلبہ کریگی بالضرور
زردی و سرخی و سوزش ہو تمام — جسم پر بیمار کے ظاہر مدام
خون کی بھی ہو فراوانی اگر — آئینگے انگڑائیان آٹھون پہر
سر مین ہو جاوے گرانی کا قیام — اونگنا اور مضمحل رہنا مدام
سرخ رنگت جسم کی ہوگی ضرور — خون کا ہوگا سو پڑون سے ظہور
پھنسیان پیدا ہون اعضا مین ہو درد — کاہلی موجود ہو ای نیک مرد
ہو اگر صفرا بھی گرمی کا سبب — مین علامتین بتا دیتا ہون سب

زردی رخ زردی چشم و زبان — اور کڑواپن ہو منہ مین ہر زمان

اشتہا کم ہو عطش ہوی زیاد — ناک مین خشکی کا پیدا ہو فساد

گہہ گہہ اپن ہو زبان پر آشکار — رونگٹھے تن کے کہڑی ہوں بار بار

اب بتاؤن تجھکو سردیکا نشان — پیاس اور سوزش نہین اسمین عیان

ہی اگر بلغم سی سردیکا سبب — نرمی و سستی رہی اعضا مین سب

بار بار انی لگی کہٹی ڈکار — ہضم کم ہو نیند آئے بیشمار

ہو اگر سودے کی سردی زور پر — لاغری جسم آئیگی نظر

خون مین غلظت کا پیدا ہو اثر — جسم پر دوڑی سیاہی بیشتر

اور رہے سوچ مین لیل و نہار — اور جہوٹی بہوک سی ہو بیقرار

ہی تری کی بہی علامت اسقدر — سستی اعضا رہے اٹہون پہر

ہی اگر غلبہ یبوست کا قوی — ہو درشتی لاغری بی رونقی

یہہ بہت عمدہ ہی دستور علاج — غور کر بیمار کا پہلے مزاج

ہی اگر گرمی تو ٹھنڈی دے دوا — ہو اگر سردی تو گرم اشیا پلا

کر علاج الضد کو بالضد اختیار — رہ خدا کے فضل کا امیدوار

ریح کو کہتے ہین بائی خاص و عام — فارسی مین باد کہتے ہین تمام

یہہ دخان وہ ہی کہ پاتا ہی ظہور — بلغم و سودا سی تینون بالضرور

اور جو روحین ہین سب اوسکی خلاف — اونکی گو خلطون سے پیدایش صاف

مین مربی بدن یہہ سب کے سب | اور بقاے زندگانی کا سبب

بیان اسباب تندرستی

تندرستی کے یہہ ہین اسباب چند | ذات انسانکی لئی ہین سودمند

یا ہو علم طب سی وقفیت تمام | یا طبیبونکی رہے صحبت مدام

یا تو انگر ہو نکالے زر سی کام | یا کوئی بیفکر ہو ہر صبح و شام

یا نہین جسکو زیادہ حرص جاہ | تندرستی اوسکو ہی بی اشتباہ

بعد کہانیکے یہہ پہلوے یسار | لیٹ رہنا ہضم کو ہوتا ہی یار

دیر سی پانی پیٔین بعد غذا | ہضم کو قوت ہی اسمین بر ملا

بعد کہانیکے جو شیرینی کو کہائین | ہضم کی اسمین اعانت دیکہہ پائین

سونے چاندیکے ظروف ای بانہر | گر میسر ہون تو ہی لطف دگر

اسمین کہانا گر پکائین اور کہائین | قوت دلکو بڑہا ہین آزمائین

اہل ثروت کو یہہ ہی آسان کام | دلکی وحشت دور ہو جائی تمام

ظرف آہن کا جو قلعی دار ہو | اوسمین گر کہانا پکے ای نیکخو

نفع اعضاء تناسل کو رسے | اور مثانے کو بھی تقویت یہہ دے

ظرف مس کو کچہہ نہو قلعی اگر | اس سی پیدا ہو جذام ای باخبر

آب باران برف کی جو سات ہو | خوب ہی پینے کو ای فرخندہ خو

نہر اور چشمہ کا پانی خوب ہی | اس کا پینا سبکو نیک اسلوب ہی

پیاز کو کھائیں جو بابین سفر
ہر جگہ کے آب کا کم ہو خطر
ہو اگر موجود ایام وبا
سرد پانی سے نہانا ہے بھلا
ہوگا اس دام بلا سے رستگار
صحت جسمی رہیگی بیشمار
باکرہ عورت رہی یار رشک ماہ
اوسکی قربت باعث تیزی دیداہ
از پی وصل بتان رشک حور
تین دن کا چاہیے وقفہ ضرور
دو پہر گذری جو شب آنیکا نام
چاہیے آغوش میں ماہ تمام
تین گھنٹے بعد کھانیکے مدام
قربت زن سی الہٰا لذت تمام
گرم پانی سی نہانا ہے مفید
حار طبعون کو ہمیشہ ای رشید
ہو غریزی بھی حرارت بیشمار
اور طاقت بھی ہو تمہین آشکار
جو پئی اب مقطر صبح و شام
دفع وحشت اوسکی ہوگی لاکلام
روز و شب مین سوئین چھہ گھنٹے
ہو ہمیشہ تندرستی سر بسر
اسقدر کھائین طعام اسنے ذرم
کچھہ نہو پیدا اگرانی شکم
گوشت اور روٹی غذا اچھی ہے خوب
صحت جسمی کو نیک اسلوب ہے
خرمہ و انجیر ہوا نگور رہو
خوب ہی سیو نمین ہی ای نیکخو
ہی ریاضت معتدل گر پسند
ہو غریزی کی حرارت چار چند
کھولدیتی ہی بدنکے سب مسام
طبع مین پیدا ہو چستی لاکلام

اسباب مضرت تندرستی

دوده اور مچھلی اگر کھائین مدام
ہو برص قولنج پیدا اور جذام

ساتھ خشکے کے اگر ستو کو کھائین
کیا عجب قولنج کا صدمہ اٹھائین

کھائین سرکہ ساتھ خشکے کے اگر
درد معدہ سی بہت پہونچی ضرر

شیر و مَی ایک وقت کھانا ہی برا
پاؤنکو لپٹیگی نقرس کی بلا

گوشت جو دم پخت ہوائی نامداز
روز کھانا اسکا لاتا ہے بخار

بی نمک کھائی اگر کوئی غذا
کیا عجب ہو جائی کمتر اشتہا

گر جلیبی کو دہی کے ساتھ کھائین
درد معدہ سی برا صدمہ اٹھائین

ہی اگر موجود صادق اشتہا
اوس گھڑی کھائی نہین ہی جو غذا

ہوگا پیدا پیٹ مین فاسد مواد
پائینگی تکلیف پھر حد سے زیاد

کھائی گرما گرم اگر کوئی غذا
ہول دل موجود ہوے انتہا

گر کوئی کثرت سی شیرینی کو کھائے
اشتہا ہو جائی کم ای نیک رائے

کھائی جو کثرت سی شیر و میوہ جات
بال ہو جاوین سفید ای نیک ذات

گر غذائی شور سے رغبت رہے
لاغری پیدا ہو کم طاقت رہے

بعد کھانیکی نہانا ہے برا
خوف بد ہضمی کا ہوگا برملا

خواب سی اٹھکر پئی جو کوئی آب
ہوگا امراض دماغی سے خراب

جو پئی پانی نہار ای باصفا
ہوگا استسقے مین اکدن مبتلا

یا غریزی ہو حرارت اوسکی کم
یا ہو ضعف دلسی اکثر دلکو غم

گرم پانی کا بھی پینا ہی خراب — ضعف معدہ ہی یہہ ای باصواب
دھوپ مین چل پھر کے پینا آب کا — ہی مضرت بخش ای مرد خدا
ہوگا پیدا اوسکو رعشہ کا مرض — کم حرارت ہو عزیزی الغرض
جو پئی در رات اکثر آب شور — ناتوانی جسم مین پائی گی زور
آب باراں جو پئی ای ذی شعور — ہو نقص اوسکے خلطونمین ضرور
بھوک مین سونا کرے تحلیل روح — لاغری موجود ہو ای بے فتوح
تھمہ کرنا خواب کا بعد زوال — باعث نسیان ہے ای باکمال
دھوپ مین سونے سے ہوگا درد سر — ہو دماغی ابخرو بیج بھی ضرر
اور سونا صدسی افزون ناصواب — روح کو تحلیل یہہ کرتا ہی خوب

اسباب مضرت باہ

بعد قرب زن کے ای عالی گہر — آب یا شربت کا پینا ہے ضرر
ہوگا رعشہ کا مرض بے اشتباہ — اور ہوجائیگا پیدا ضعف باہ
ترش اشیا باہ کو کرتی ہے کم — رکھہ لحاظ اسکا تو ای عالی ہمم
باعث پیری ہی عیاشی کا کام — باہ کو رہتا نہین پھر انتظام
ساتھہ عورت کے کوئی سوے اگر — لاغری کا جسم مین پاے اثر
سیج پر پھولونکے سونا ہے برا — ضعف ہوگا باہ مین بے انتہا
حایضہ نابالغہ ہے زن اگر — صحبت اون دونوسی وجہہ ضرر

یا کوئی بیمار ہو یا پیر ہو | اوسکی قربت باہ کی تکسیر ہو
غم کی حالت ہو کہ بدہضمی کا حال | صحبت زنکا اگر یا ہین خیال
یا ہو بیخوابی مین ہم صحبت کوئی | ہوگی پیدا اوسکو البتہ غشی
بہوک مین قصد جماع ای خوشخصال | ناتوانی کا کری پیدا وبال
ہو لواطت حاملہ زن سی اگر | علت ابنہ رکہے اوسکا پسر
کثرت صحبت کری طاقت کو کم | ضعف بہی اعصاب مین پہنچیگا بہم
ہو دماغی ضعف و رعشہ کا خطر | چاہیی اسکا لحاظ ای باخبر
چہوڑ دی جو قربت زن کا خیال | آنکہہ مین پیدا ہو تاریکی کمال
اشتہا و خواب بہی ہوجائی کم | اور بڑہتا جای خصیو مین ورم
جو کہ ہی رغبت کری قرب زنان | اوسکو پیدا ضعف ہوگا ای جوان
کہانا کہاتے ہی کرین صحبت اگر | کم بصارت ہو بڑہے درد کمر
یا ہو لقوہ یا رہے تقطیر بول | یا فتق ہوجائی یہہ ہی سب کا قول
یا رہی درد مفاصل سی تباہ | یا رہی عرق النسا فی اشتباہ
وقت صحبت فرج زن دیکہین اگر | ضعف بینائی ہوای نور بصر

بیان علامات حدوث امراض

بہوک کم ہو یا نہو میل طعام | یہہ مرض کی ہی علامت لاکلام
چہرہ و لب کا پہڑکنا سر بسر | دیتا ہی لقوی کی آمد کی خبر

ہو اگر مقعد مین خارش گہڑی · یہہ بواسیری علامت ہی بڑی

جسم سن ہو جائی گر ای نیکنام · یہہ نشان فالج کا کہتے ہین تمام

آتے پاخانہ جو عادت کی خلاف · یا رہی شدت سی جسکو قبض صاف

یہہ علامت بہی مرض کی ہی تمام · اک نہ اک تکلیف ہوگی لاکلام

حاملہ عورت کو کہانسی ہے اگر · پہر تو اسقاط حمل کا ہے خطر

چہاتیان ہو جائین چہوٹی بہی اگر · خوف اسقاط حمل ہے سربسر

گر حمل مین حیض کا ہوگا ظہور · پہر تو اسقاط حمل سی ہی فتور

پہولنا ہر دم بلونکا پیٹ کے · لاغری جسم بہی پیدا رہے

یہہ مرض کا ہی نشان ای ذی کرم · جہلیون مین اوسکے آئیگا ورم

جسکو ہی وحشت ہمیشہ ایکسان · ہو اوسی مرگ مفاجات الامان

جسکو کثرت سی رہے دوران سر · صرع وسکتہ کا ہی پیدا خطر

کثرت افکار سے ہوگا جنون · اور مالیخولیا بہی ہو فزون

اور کثرت سی پہڑکنا عضو کا · ہوگا استرخا تشنج بر ملا

ہی اگر بیمار کی لمرگہ ای عزیز · ہو مرض گر دیکا تو کرلے تمیز

سامنی آنکہون کے جب آتین نظر · چند مچہر او ذرہ رہی مین سربسر

آنکہہ مین پانی اتر آتے ضرور · ہو نزول الماء کا پیدا فتور

ایک نشان قولنج کا پہر ہم کہین · درد ہو پیدا ہمیشہ ناف مین

ہو جو پاخانہ سفید ای باہنر — آمد یرقان کی دیتا ہے خبر
جسکو آتی ہو اگر کھٹی ڈکار — ہوگا ذات الجنب سی وہ بیقرار
درد سر ہو یا شقیقہ ہو مدام — ہی نزول الما کی آمد تمام
بول مین ہو یا پسینہ مین ہو بو — ہی عفن تپ کا نشان ای نیکخو
ہو جلن کے ساتھ پاخانہ اگر — دیتا ہی پیچش کی آمد کی خبر
نفخ یا معدہ کے اندر درد ہو — ہی خطر قولنج کا ای نیک خو
واد کی کثرت سی پیدا ہو بہق — اس مرض سی امن بخشے سبکو حق
ہی اگر کثرت سی نزلہ یا زکام — سل ہو یا ذات الریا ای نیکنام
سرخ چہرہ گول ہونا آنکھہ کا — ہی جزامی کی علامت یہہ بجا
بعد سوجانیکے اعضا مین اگر — سقل ہو یا درد ہو ای باخبر
ہی فقط عجز طبیعت کی دلیل — ہر مرض سے امن دے رب جلیل

بیان شناخت امراض

میل کا رہنا زبان پر صبحدم — ہی نشان ضعف ہضم ای ذی کرم
جسکے منہ سے خواب مین بہتی ہے رال — کیچوے ہین پیٹ مین اوسکی کمال
ہی اگر لب پر سفیدی کا اثر — ہوگا اوس بیمار کو ضعف جگر
گر تعفن منہ سی آتے بار بار — اس سے ہی خلطوں کا سڑنا آشکار
تپ مین خندان جو کوئی بیمار ہو — خون کی سرسام کا آزار ہو

دوڑنا کچھ خلق رہنا بھاگنا
تپ مین شب بیتاب رہنا جاگنا
آمد سرسام صفرا سے ہی بس
یہہ علامت خاص ہے ای ہم نفس
ہون اگر اسہال پیلے یا سفید
ہی علامت سو ہضمی کی مزید
ریح گر پیدا شکم مین ہو زیاد
ہضم ناقص کا سقر سے ہر فساد
خوابمین نکلے پسینہ گر مزید
ہی نشان ضعف قوت کے ارشید
یا ہی افزونی غذا کی بی شمار
ہی عرق جاری بدن سے بار بار
یا پسینہ آئی مابین بخار
پہر مرض کم بھی نہوا فی ای وقار
ہی طوالت پر وہ بیماری ضرور
یہہ علامت خاص ہے ای ذی شعور
حاملہ عورت کو بحث ہے خراب
خوف ہی اسقاط کا ای باصواب
دیکھنا خواب پریشان رات کو
ہضم ناقص کی علامت جانلو

بیان امراض منتقلہ

خارش و جدری برص اور آتشک
سل رمد بین منتقل بی شبہ و شک
یا وبا و یا بو آسیر و جذام
یا وبائی تپ پناہ اس سی مدام

بیان امراض متوارثہ

نقرس و سل صرع دق خارش جذام
علت ابنہ جنون ای نیکنام
یا فتق گر شمال ای نیکو خصال
یا کہ ہو سنگ مثانہ کا ملال
یا رہے گندہ دہانی بیشتر
پائیگا فرزند میراث پدر

بیان علاماتِ محمودہ

یہہ مریضونکی بھی صحت کا نشان
مین بتاؤن تجھکو ای نیکو جوان

وقت بیمار اگر قایم رہے
یا سہولت سانس مین ہر دم رہے

یا رہی ثابت حواس ای ذیوقار
پشت یا پہلو پہ سووی بار بار

یا کسی بیمار کو ہو احتلام
خواب بھی طبعی نظر آئین مدام

یا طبیعت اوسکی رہتی ہے بحال
اور چلنا نبض کا با اعتدال

ہضم کامل ہو رہی کچھہ اشتہا
اور اکثر پھوٹنا نکسیر کا

اور تپ مین گرم ہو سارا بدن
اور یہہ تبخالی رہین جلوا فگن

اور کچھہ خارش بھی پیدا ہو اگر
سب علاماتین مین محمود ای پسر

حالت سرسام مین ای ذیشعور
یا ہی گر خون بواسیری ظہور

او گھٹتا جائی یا کوئی مرض
یہہ نشان نیک کہئے الغرض

بیان علاماتِ موت

کثرت بیہوشی بیمار رہائی
یہہ علامت بد ہی شاید موت آئی

ہو اگر انسان سی نفرت پسند
اور تاریکی کو سمجھے سود مند

ناخنون پر ہو سیاہی ہر زمان
اشک ہی بی قصد آنکھونسے روان

گرم تپ مین ہو ظہورِ دردِ گوش
یا زبان و لب سیہ ای تیز ہوش

سانس چڑھنا منہہ کھلا رہنا مدام
یہہ علاماتین ہین ردی بی لا کلام

ہو تشنج زخم کی حالت مین گر — پہر ہی اوس زخمی کو البتہ خطر

گرم ہون امراض اگر ای نیک مرد — ہر نفس نکلی ہوا بینی سے سرد

یا ہو استسقے مین کہانسی کا ظہور — یا ہو پاخانہ سیہ اے ذیشعور

یا ہو ہچکی از پس اسہال و قے — یہہ علامت بد ہی اے فرخندہ پے

بعد حیض آے اگر زنکو غشی — یاد رکہہ یہہ بہی علامت ہی ردی

اینٹہن چہالی مہنہ مین مستسقے کی گر — یہہ علامت بہی نہین ہے خوب تر

قی ہو زنگاری ہری کالی کہ لال — اس سے ہی بیمار کا جینا محال

تہوک پانیمین اگر ہو تہ نشین — ہا ہی اہل سل کو یہہ اچہا نہین

یا نہ آئے تہوک یا کم آئے ہے — موت کا اوس اہل سل کو غم ہے

آنکہہ کا رہنا کہلا اک حال پر — موت کے آنیکی دیتا ہے خبر

بیان نبض

مجملاً کچہہ نبض کا لکہتا ہون حال — کار نباضی نہایت ہی محال

نبض کا پہچاننا دشوار ہے — منتہی بہی اسجگہ ناچار ہے

ہی مرکب نبض یا نبض بسیط — اسمین ہی حیران ہر عقل محیط

جنبش رگہائی با تحریک کا — نبض نام اچہا اطبا نے رکہا

روح کو آرام دیتی ہے ہوا — اون رگونمین آمد و شد سی سدا

نبض کو پہچان لے تو ای عقیل — سہل تر تجہکو بتاتا ہون سبیل

نبض پر جب ہاتھ رکھہ ای باخبر
حرکتین ہوین اوسکی گن با صد ہنر

یعنی ستر سی بچھتر تک تمام
اک منٹ مین ختم ہون با انتظام

نبض کی سب حرکتین ای نیکنام
ہون اگر اکہی و تہرے پر تمام

معتدل اوسکو سمجھنا بالضرور
اس سے کم ہون حرکتین تو ہی فتور

کم سے سردی کی علامت جان لے
ہی اگر زاید تو گرمی مان لے

عورتون سی نبض مردونکی قوی
نرم و با سرعت ہی لڑکونکی سبھی

نبض پیرونکی بہت ہی سست ہی
نوجوانونکی نہایت تیز و چست

بیان قارورہ

خاص قارورہ کا ہی شیشہ ہی نام
یہہ بہت پیشاب کا اما ہی کام

خلق مین اسواسطے پیشاب کو
کہتے ہین قارورہ ای فرخندہ خو

رنگ پیلا دیگا صفرا کی خبر
سرخ ہی خونکی دلیل معتبر

رنگ اخضر سی ہی سردی کی خبر
ہو جو دہوون گوشت کا ضعف جگر

بلغمی پیشاب ہوتا ہی سفید
رنگ کالا خاص سودا ای عزیز

دودہ کا ہمرنگ جب آئے نظر
دیتا ہی اعضا کی گہلنے کی خبر

نضج کی پیشاب مین یہہ ہی دلیل
پہلی پتلا بعد گاڑہا ہو قلیل

تپ مین قارورہ کی غلظت ہے ردی
یہہ دکہائیگا مرض آخر بدی

ہو اگر پیشاب پتلا بو نہو
اوسکو سردی کی علامت جان لو

ہی اگر پیشاب مین کچھہ بوی بد
کف اگر تا دیر ہو پیشاب پر
چھیچھڑی ہون یا ہو کچھہ جیونکو گذر
سب کہینگے غیر طبعی ہی رسوب
یہہ دلیل اوسکی ہی ای اہل عمل
چھیچھڑی پایا جب آوین نظر
پاسی یہہ زخم مثانہ ای عزیز
ہووی کچھہ پیشاب مین پیپ بھی اگر
حاملہ عورت کا قارورہ عیان
ہی حمل کی ابتدا مین بس رقیق
بول خر کی طرح گر پیشاب ہو
بلغمی سرسام ہی یہہ ای جوان
گوشت کے دہوونکی صورت ہو اگر
زعفرانی رنگ جب آوے نظر
تیل کی صورت جو ہووے اونکا نام
یہہ ورم ہی یا ہی استسقے کا ڈھنگ
تار کی صورت جو ہو سرسامی ہے

خلط سوز جانیکی رکھتا ہی سند
ریگ کی یہہ ہی دلیل ای با خبر
یا مثال ریگ دیکھین چیز اور
اور خبر ہی پتھر کی گھلنے کی خوب
سنگ گردہ یا مثانیکا خلل
تو سمجھہ لینا کہ ہی ضعف جگر
غور سی تو دیکھکر کر لی تمیز
ہی مثانے ہی کی خارش سر بسر
روئی کے گالونکا دیتا ہی نشان
انتہا مین رگ کی سی ای شفیق
یعنی گاڑہا ہو بہت ای نیکخو
یا یہہ خلط خام کا ہوگا نشان
ہوگی کچھہ گردیکی بیماری مگر
عرقِ تلخہ کی دیتا ہی خبر
دانے دانے سے دکہائی دین تمام
دیکھکر پہچان لے خوب اسکا رنگ
یہہ دماغی کچھہ ورم کا کام ہے

تیرگی مائل بھی ہو زردی اگر
ہی علامت اوسکی گرمی جگر
زردی و سرخی اگر آوے نظر
ہی مرکب وہ مرض ای باخبر
خون و صفرا کی علامت جان لے
غور سے تو دیکھکر پہچان لے

فصل پہلی سر کے بیماریونمین

سر مین درد جو گرمی کے سبب ہوتا ہے اوسکا علاج

پیسکر سر کو لگا مہندی کے پھول
حار وجع الراس سے گر ہو ملول

دیگر

تخم ہون کاہو کی یا صندل سفید
اس مرض کو یہہ بھی ہوتا ہی مفید

دیگر

یا لگا سر کو سپستان کا لعاب
درد سر کا دور ہو جاے شتاب

درد عصابہ جو ابرو کی قریب ہوتا ہی اوسکا علاج

جسکو ہو درد عصابہ سے گزند
یہہ علاج اوسکے لئی ہی سودمند
گرم کہانا کہی شکر کے ساتھ کہائے
صبح کو قبل از طلوع ای نیک راے

دیگر

دارچینی گوند بزرالبنج افیم
خوب انکو پیس لے بی خوف و بیم
زعفران بھی کر شریک ای باخدا
اور پیش از درد لیپ اسکا لگا

یہہ دوائین اہل سکتہ اہل صرع کو ہوش مین لائین جسکے دانت بند ہون کہلجائین

صرع یا سکتہ سے جو بیہوش ہو
پیس نکچھکنی کو کالی مرچ کو
ناک مین بیمار کی تو پھونک دے
فایدہ فی الفور اسکا دیکھ لے

دو نے مروے کے بھی پتے خشک و تر ۔۔۔ لے عرق اوسکا نکال اے ذی ہنر

ناکمین بیمار کی ٹپکا ضرور ۔۔۔ نفع کا ہو جائیگا فوراً ظہور

دیگر

خوب کسکر ینڈلیونکو باندہ تو ۔۔۔ ہوشمین لائیگی گر ہے آرزو

مرگی کی دوا

جو کا آٹا اور ہے لے کچھو کا خون (۳ ماشہ) (۳ ماشہ) ۔۔۔ شہد مین اوسکو ملا اے ذی الفنون (۶ ماشہ)

گولیان مقدار فلفل سے کے بنا ۔۔۔ چند دن تو اہل صرع کو کھلا

صبح کو اک حب تو شب کو ایک حب ۔۔۔ ہوگا اوس بیمار پر افضال رب

لقوی کی دوا

برگ تلسی اور تو خردل کو لے (۳ تولہ) (۵ تولہ) ۔۔۔ سیر بھر پانی مین اچھا جوش دے

صاحب لقوی کا یہہ ہی غرغرہ ۔۔۔ فایدہ ہفتہ مین ہوگا برملا

دیگر

لیکے کالی مرچ اور اگر کرا (۹ ماشہ) (۹ ماشہ) ۔۔۔ اہل لقوی کے لئے منجن بنا

چند دن یون اسکا استعمال ہو ۔۔۔ رال ٹپکا دین مفید حال ہو

نسیان کو دور کرنیکا علاج

دفع نسیان کو یہہ ہی اچھی دوا ۔۔۔ لیکے کندر شب کو پانی مین ملا (۱۰ ماشہ)

صبح پی لے چھانکر شکر کے سات (۱۰ تولہ) ۔۔۔ نفع اقرا ہوگا اے نیک صفات

گنجے سر کا علاج

پیس تنباکو سے گل کو خوب سا ۔۔۔ اوسکو کڑوے تیل مین پھر تو ملا

سنرہ توہر روز مل ای نکتہ سنج | دور ہوجائگا سارے سر کا گنج
شعم جلا گھوڑے کا تو ای ذی ہنر | دیگر | مل دے میٹھے تیل سی یا لائی سر

فصل دوسری آنکھونکی بیماریون مین

ضربہ چشم کا علاج

چوٹ لگجاے اگر کچہہ آنکھہ پر | خون جم کر درد ہوا ٹھون پہر
گہی ملا گرم خشکہ آنکھہ پر | باندہ ہوگا نفع ای نور نظر

آشوب چشم جسکو رمد کہتے ہین اوسکا علاج

پھٹکری افیون توے پر تو جلا | گھی مین حلکر پہر اوسے کاجل بنا
(۲ ماشہ) (۱ ماشہ)
روز و شب اوسکو لگا ای ذی سند | دور ہوجائیگا آنکھون کا رمد
لے گل سرخ و افیون ارمنی | دیگر | پیسکر پانی ملالے اے اخی
(۲ ماشہ) (۱ ماشہ) (۲ ماشہ)
پہر بکا آتش پہ اوسکو سر بسر | لیپ کر تو زیر ابرو چشم پر
ایلوا افیون رسوت ای بدل | دیگر | خوب کر لے ہلی تو پانی مین حل
(۱ ماشہ) (نیم ماشہ) (۳ ماشہ)
آنکھہ پر اسکا لگا یا کر ضماد | دفع ہو آشوب کا سارا فساد

آنکھون کی روشنی بڑہنے کا علاج

کم بصارت ہو اگر ای پر ضیا | نرملی کو گھسکے آنکھون مین لگا
آنکھہ کی مردم مین پیدا نور ہو | روشنی بڑہجائے ظلمت دور ہو

چیچک کے مرض مین جو آنکھہ مین پہولا پڑجاتا ہی اوسکا علاج

لے مری چوڑیکی کانچ ای ذی ہنر — اور چینی کا بھی ٹکڑا اے سر بسر

کرا وسے سرمہ کی صورت خوب حل — شب یمانی اور کتیرا ای خلل

پہر کف دریا بھی اور تخم سرس — سرمہ ناخن فیل کا ای ہم نفس

اور ہلدی بھی ملا حل سبکو کر — ڈال تہوڑا آنکہہ مین شام و سحر

لیکے پتے پہر سرس کے جوش کر — آنکہہ کو دہو باندہ اوسپر و خطر

فصل تیسری کان کی بیماریونمین

کان کے درد اور کانکے اندر کی پہنسیونکا علاج

کوٹ برگ نیم آب وسمین ملا — چہان لے اور شہد کرا وسمین سوا

ڈال قطرے کان مین پہر چار چار — صبح کو اور شام کو ای ذی وقار

گرم آب نیم سی دہو بے خطر — فاین ہوجائیگا مد نظر

دیگر

لے سفیدہ انزروت ای بدل — روغن گل مین اوسے کر خوب حل

ڈال دو دو قطرے اسکے روز تو — زخم گوش اچہا ہوا ای فرخندہ خو

فصل چوتھی ناک کی بیماریون مین

نکسیر بند ہونے کا علاج

جسکو کچہہ نکسیر سے پہونچی گزند — خون نکلے ناک سے پہر ہو نہ بند

واسطے اوسکے یہہ ہی بہتر دوا — تہوڑی افیون کہی تالو پر لگا

فصل پانچوین دہن اور حلق کی بیماریونمین

منہ مین چہالے پڑجانا جسکو منہہ آنا کہتے ہین اوسکا علاج

پیس کتھہ اور شورہ ایک جا — اوسکو پہر منجن بنا منہہ مین لگا

منہ کے چہالے دور ہوجائین تمام — آزمودہ یہہ دوا ہے لا کلام

ایضاً

پوست تخل بکاین کو نکال — اوسکو پہر توسیر بہر پانیمین ڈال

جوش دیکر روز کر تو غرغرہ — ایک دن مین خاص دو سہ مرتبہ

دانتون سے درد اور خون گم ہوجانیکا علاج

پہر تو اک بکری کی تلی مین نمک — اور منا کو کاگل بے شبہ و شک

ساتہہ ان سب کے تو رکہہ شاخ گوزن — اور یہہ ہون ایکجا بس ایک وزن

پہر کر مٹ کرکے اپلونمین جلا — کوٹ لے باریک پہر منجن بنا

صبح مل دانتون پہ ای عالی گہر — درد و خون کو ہی مفید وبی ضرر

پیلے دانتونکو سفید کرنیکا علاج

جسکے پیلے دانت ہوجائین اگر — پیسکر چینی کا ٹکڑا اسقدر بسر

مثل منجن کے وہ دانتون پہ لگائے — صبح کو ہر روز ای فرخندہ رائے

جو دانت کند ہوجائین اوسکا علاج

کند ہون سب دانت ترشی سی اگر — چاب لینا لونگ کا ہے خوبتر

جو ہونٹ پہٹ جاتے ہین اوسکے اچہی کرنیکا علاج

موسم سرما مین پہٹ جائین لب — مین دوا اوسکی بتاتا ہون عجب

یہہ مجرب ہی علاج ای باصفا ‏ ‏ ‏ ‏ موم روغن ناف کے اندر لگا

گلے کا درد دور ہونیکا علاج

ایلوا افیون کو کر پانی مین حل ‏ ‏ ‏ ‏ پہر گلے پر کر ضماد ای بی بدل
آب گرم اسمین ملا اے نیک خو ‏ ‏ ‏ ‏ دور سب ہوجائیگا درد گلو

آواز کہلنے کا علاج

میتہی اور انجیر و خرمہ جو شدی ‏ ‏ ‏ ‏ بعد ان تینون کو اچہا چہان کے
شہد مین کرلے قوام ای نیکنام ‏ ‏ ‏ ‏ ایک تولہ روز کہا تو وقت شام

الیضاً
سونہٹہ ادرک مہنہ مین رکہہ بہی مفسر ‏ ‏ ‏ ‏ ہے اگر آواز کہلنی کی ہوس

الیضاً
تبر طکسونڈے کی پورانی لیکے تو ‏ ‏ ‏ ‏ مہنہ مین رکہہ ہر شکوای فرخندہ خو

فصل چہٹی سینہ و پستان کی بیماریون مین

بارد کہانسی کا علاج

گاگر انگی تو اے مرد خدا ‏ ‏ ‏ ‏ کوٹ کے اور چہان کے گولی بنا
دے اوسے کہانسی ہی جسکو ہوشیار ‏ ‏ ‏ ‏ تا گہلاتے اپنے مہنہ مین بار بار

الیضاً
خوب سا برگ اڑوسہ کو جلا ‏ ‏ ‏ ‏ راکہہ مین اوسکی تو پانی کو ملا
تہ نشین ہوجائے جب وہ سب کی سب ‏ ‏ ‏ ‏ لے وہ آب صاف ای صاحب
آگ پر رکہہ لو بکا بی شبہہ و شک ‏ ‏ ‏ ‏ خود نکل آئیگا سب اوسکا نمک
وزن دو دو سرخ لے اوسمین سے تو ‏ ‏ ‏ ‏ پہر کہلا بیمار کو اے نیک خو

دودھ جو پینگا کہانسی کا ملال — خوب ہی یہہ اثر ہی دفع سعال

خشک کہانسی کا علاج

خشک کہانسی ہو اگر ای باصفا — پانچ چہہ بادام تو ہر شب کو کھا

عورتکی پستانمین دودہ زیادہ ہونیکا علاج

دودھ ونگ و شکر زیرہ سفید (۳ تولہ) (۳ تولہ) — دودہ یہہ پستانمین کرتے مین مزید

پیس مین تل شکرمین دے اوسکو ملا — ایک تولہ روز عورت کو کھلا

فصل ساتوین معدہ کی بیماریونمین

سفوف مقوی معدہ وضعف ہضم

چینی بادیان اور مصطگی (۶ ماشہ) (۶ ماشہ) — قاقلہ مصری برابر لے سبھی (۶ ماشہ) (۶ ماشہ)

پیسکر اک درم ہر روز کھا — ہضم کو معدہ کے ہوگا فائدہ

سفوف تقویت معدہ و دفع اسہال معدہ

بابترلہ گھی مین تل ای باصفا — کوٹ اجواین پودینہ بھی ملا (۱۰ ماشہ)

پیس ماشہ پانچ ماشہ صبح وشام — تو کھلا بیمار کو اسے نیکنام

تقویت معدہ کو ہوگی بالضرور — اور مٹ جائیگا دستون کا فتور

صفراوی اسہال کا علاج

گوبرکی تو پتی پیس ڈال (۵) — اور اوسکا آب مین شیرہ نکال

دن پلا دو تین دن بیمار کو — قابض اسہال کو فی الفور ہوا

وبائے مرضمین جو ہاتھہ پانو تشنج پیدا ہوتا ہی اوسکا علاج

قسط تلخ (۳ تولہ) اور کائی پہل (۳ تولہ) کو پیس کر — مل تشنج کے فقط تو عضو پر

رطوبت معدہ کی سبب سے جو پانی مہنہ سی نکلتا ہی اوسکا علاج

لی نمک (۱ ماشہ) اور کاسنی (۶ ماشہ) ای ذی ہنر — جوش دے دونو کو تہوڑا گوشکر

یون ہی تو دو چار دن اسکو پلا — مہنہ سی پانی جسکے بہتا ہو سدا

پیٹ مین درد بہی جو ہوتا ہی اور ڈکارین زیادہ آتی ہین اوسکا علاج

پیپلی (۱ تولہ) کو شہد (۱ تولہ) مین تو کرکے حل — دو روز چہ ماشہ کہلائے باعمل

دور ہو جائیگا سب درد شکم — پہر ڈکار آنیکا مٹجائیگا غم

ڈکارین جو زیادہ آتی ہین اوسکا علاج

شاہ زیرہ (۶ ماشہ) سونٹہہ (۶ ماشہ) اجوائن (۶ ماشہ) صفا — پوست بہی ہوی (۶ ماشہ) ہلیلہ زرد کا

قاقلہ (۶ ماشہ) مرچ سیاہ (۶ ماشہ) اور آنولا — لی ساوی پیس شکر (۳ تولہ) مین ملا

چار ماشہ تو کہلایا کر نہار — پہر نہین آنے کی کثرت سے ڈکار

ہچکی جو زیادہ آتی ہی اوسکا علاج

ہو اگر ہچکی سی کوئی دردمند — قند کا شربت پلا ہوتی ہی بند

ہچکی جو کسی دوا سی بند نہ ہوتی ہو اوسکا علاج

ڈیڑہ تولہ لے مغیلان کی تو پہول — جوشدہ با شیر اسکو پیئہ بہول

ربع حصہ جب رہی جل جل کر آب | شہد ہچکی ہوگی پینی سی شتاب

ہچکی جو بخار شدید مین پیدا ہوتی ہے اور قی زنگاری لاتی ہی اوسکا علاج

تپ کی باعث ہو جو ہچکی کا ظہور | قی کرے سرکنگبین پی کر ضرور
قی بھی زنگاری اگر ہووی شدید | شربت لیمونکا پینا ہی مفید

اسہال صفراوی اور معدہ کا علاج

یاد دین پیلے لونی پر بہون کرتہ | پیس لی اوسمین ملا تہوڑی شکر
چار ماشہ چار ماشہ صبح و شام | کہا اسی ہی نفع دستون کو تمام

جسکی رال بہتی ہو اوسکا علاج

گر بہتی ہووی مرد خدا | مین بتاؤن تجہکو اک اچھی دوا
پیلے دس تولے شکر کرلے قوام | ڈالدی پہر مصطگی اوسمین تمام
کتہی نو ماشہ جوان ای باصواب | طفل دو ماشہ یہ ہوگا کامیاب

درد سوا یہہ ایک قسم کا درد معدہ ہی اسکا علاج

ماشہ سہاگہ تیلیہ بریان کرتہ | ایک تولہ گہی ملا اوسمین مگر
مین وقت درد کے بیمار کو | تا شکایت سول کی سب دور ہو

فصل آٹھوین قلب کی بیماریونمین

خفقان او وحشت کا علاج

آنوله دهنیان تو کر پانی مین تر ۔ اور رکهه تحت السما پهر رات بهر
چهان کر پی صبح کو چهه سات روز ۔ هوگی وحشت دور سب اندفع روز

هول دل کا علاج

آب دوغ گاو سوله دن پلا ۔ هول دل کو هی بهت اچهی دوا

خفقان کا علاج

بنسلوچن قاقله صندل سفید ۔ پیس کر شکر ملا دی ای رشید
روز چهه ماشه کهلا بیمار کو ۔ وحشت دل چند دنمین دور هو

فصل نوین جگر کی بیماریونمین

استسقای لحمی دور هونیکا علاج

پهلی گکروندی کی پتی کوٹ کر ۔ لی عرق پهر پهاڑ سبزی آگ پر
کوٹ کر اوسمین ملا زیره سفید ۔ اهل استسقی کو هوگا بس مفید
آئیگا پیشاب اوسکو دمبدم ۔ دفع هو جائیگا سب اوسکا ورم

ابتدای استسقا مین جو هاتهه پاون پر ورم آتاهی اوسکا علاج

خاص بسکهپره کی جڑ باریک کر ۔ لی توشیره آب مین ای ذی هنر
سات کنگر گرم کر اوسمین بجها ۔ صبح دم اهل ورم کو پهر پلا
دور هوگا هاتهه پاون کا ورم ۔ سات دن اوسکو پلانا کم سی کم

یرقان زرد کا علاج

لیکے بس انگور کی سرکنگبین (۲ تولہ)	پاسی پانی مین ملا ای اسے بیتین
تو پلا ہر روز اسکو صبح و شام	زرد یرقان (۱۰ تولہ) دور ہوگا لا کلام

فصل دسوین طحال کی بیماریونمین

تاب تلی کا ورم

تو بہگو سرکہ مین چند انجیر کو		روز کہا اک ایک ای فرخندہ خو
اس دوا سی نفع پہونچیگا بہم		دور ہوگا تاب تلی کا ورم ؛
کر سہاگہ تیلیہ بریان ضرور	ایضاً	اور کالی مرچ بہی ای باشعور
بیس سرکہ مین (تولہ) بنا سے گولیان		ایک گولی (تولہ) روز کہا ای نوجوان
ہون نخود مقدار وہ سارے خوب		تاب تلی کی دوا بہی ہے یہ خوب

فصل گیارہوین امعا ومقعد وغیرہ کی بیماریونمین

بواسیر خونی کا علاج

ہی اگر خونی بواسیر ای حبیب	لی رسوت اک تولہ دو تولہ زیب (بیلہ)
خوب انکو کوٹ کر ای ذی ہمم	گولیان تیار کر ریٹھے سے کم
ایک گولی روز شکے وقت کہا	فائدہ ہوجائیگا اوس سے بڑا

خون بواسیر بند کرنیکا علاج

کالا گوزا تین ماشے لیکے تو	پہر دہی اوسمین ملا ای نیکخو
دی اگر بیمار کو تو چند روز ؛	ہو بواسیر (۳ تولہ) اوسکی دور ای دل فروز

ریاحی بواسیر کا علاج

ہی اگر بادی بواسیر ای رشید — سونف گر وندیکا رس مول کا مفید
کوٹ کر تو سونف کو رس مین ملا — شکو اک مثقال وقت خواب کہا

خون سے دست بند کرنیکا علاج

میٹھی اندرجو رسوت اور یہ لیتیں — لی برابر اور یان تینونکو پیس
تین ماشے کچ مین چانول کے ملا — دیگا یہہ اسہال دم کو فائدا

مانع اسہال

لی تو گولی کی جڑکی چھال کو — شہد اور چانول کا کچ ای نیکخو
تو پلا دستونکو یہہ کرتا ہے بند — اور جریان شکم کو سود مند

پیچش شکم اور اوسکی خون بند کرنیکا علاج

ایک تولہ لے ہری مازو کو تو — پیس کر سرکہ ملا اسے نیکخو
گولیان مثل نخود تیار کر — پانچ پانچ اوسکو کھلا ای ذی ہنر
بند خون ہو دور ہو جاتے زحیر — ہی عجب تاثیر اسمین بے نظیر

حابس اسہال

ہلدی اور چونہ برابر لیکے تو — گولیان اوسکی بنا اسے نیکخو
ہون بمقدار نخود ساری حبوب — حبس کو اسہال کی نافع ہین خوب

پیچش کو مفید علاج

دیڑہ تولہ اسبغول ای نیک کار | اور دو تولہ ہو مکہن کا شمار

گرم پانی مین اوسی لت کر کی | دہوم دو ہی دنمین ہوگی نفع کر

جس پیچش سے سدہ پیٹ مین پڑجاتا ہی اوسکا علاج

دودہ گہی اور لال شکر صبح و شام | کہائین خشکہ مین ملاکر لا کلام

تین دنمین دور ہو جائی زحیر | یہہ مجرب ہی غذائی بی نظیر

ہی یہہ اون ارباب پیچش کے لئی | سدے جنکے پیٹ مین بن بن گئی

گولیان واسطے کرم شکم کے

بابرنگ و لودنہ ہینگ و نمک | پوست پیلے ہڑ کالی و شہہ شک

وزن پانچون کا برابر لیکے تو | کوٹ کی پہر چہان لے ای نیکخو

گولیان مثل نخود تیار کر | روز کہا دو تین تو شام و سحر

کیچوی سب پیٹ کے گرجائینگے | تجہکو پاخانے ملائم آئینگے

فصل بارہوین گردہ اور مثانہ کی بیماریون مین

جسکو کثرت سی پیشاب آتا ہی اوسکا علاج

نرم برگ گوندنی کے پتے لیکے تو | لال شکر مین ملا اے نیکخو

پیس کر پانی مین چہان اے آپ صفا | پانچ چہہ دن تک بلا ناغہ پلا

سنگ گردہ اور سنگ مثانہ کا علاج

مغز گگلہ پیس ہمراہ عسل | صبح کو ہر روز پی اسے بیدل

مغز گجلہ روز ایک ماشہ بڑہا	آئے جب دس تک تو پہر اوسکو گہٹا
ایک اک ماشہ کو کم کر روز تو	ایک تک پہونچی تو چہوڑا ہی سمجہو
خاص گردہ یا مثانی کا ہو سنگ	اس دوا سے دفع ہوگا بی درنگ

فصل تیرہوین مخصوص مردونکی امراض مین

سوزاک اور زخم مثانہ کا علاج

برگ نورستہ مغیلانکے تمام	اُنکو پانی مین بہگوا ہی نیکنام
صبح کو اوس آب مین شیر نکال	روز یون ہی تو پلا اے ذی کمال
دور ہوگا یہہ مرض سوزاک کا	آزمایا ہمنی اسکو بارہا

سوزاک کا علاج

پانچ تولے پوست جامون سفید	اور چہہ ماشے ملا اس میں سپید
کوٹ کر شب کو بھگو اور صبح پی	دور ہو سوزاک ہفتہ مین سبہی

سوزاک جدید کا علاج

اک تولہ ہلدی برابر کوٹ کر	پہر ملا کر اوسمین دو حصہ شکر
ایک تولہ روز کہا پانیکے سات	دور ہو سوزاک ای نیکو صفات

مقوی باہ و سرعت انزال

تخم لی مولی کے بہتر پاؤ سیر	کر اوسی تو گہی مین بریان اے دلیر
خوب اوسکو چہان لی تو کوٹ کر	شہد صاف اوسمین ملا دی سربسر

ایک تولہ روز اوسی کہا صبح و شام	اور نہ لی چالیس دن ترشی کا نام

سفوف باہ

سفوف تخم کو بجر پہلی بہون کر	پہر ملا ہموزن تو اوسمین شکر
ایک تولہ سات شب ای منظیر	کہا کے پی لی گاو کا پہر اوسپہ شیر

مقوی باہ مجرب

چوب جست اور سرب اور کتیل	لیکے اونکو ایک جا بی قال و قیل
ظرف آہن من انہین پگہلا مرید	تہوڑا تہوڑا ڈال پہر قند سفید
چوب سی کر اوسکو پہر زیر و زبر	آسمان گون خاک ہو یہہ سر بسر
ہوشیاری سی اوٹہا کر رکہہ اوسی	کیمیا یہہ ہی چہپا کر رکہہ اسے
ایک رتی پان کی بیڑ مین ڈال	روز کہا دو تین دن ای ذی کمال
دوغ و ترشی سی نہایت دور رہ	باہ کی کثرت سی پہر مسرور رہ

سفوف مقوی باہ

تخم برگ گورکہہ الی لیکے تو	چار ہون گنتی مین ای فرخندہ خو
پہر ملا کر کوٹ لی زیرہ سفید	سات دن تک روز کہا تو ای رشید

سرعت انزال و انجماد منی

گر کسیکو سرعت انزال ہو	یہہ دوا فوراً دافع جنجال ہو
الی سنگہاڑا اور پستان و شکر	پیسکر ہر شب کو کہا ای ذی ہنر

مقوی باہ

جسکو ہو کچھہ قوت باہی سی یاس | خشک کر لی غنچہ نخل یاس
پیسکر شکر سفید او سیمین ملا کی | روز چھہ ماشی یہہ دن اکیس کہائی

رقت منی کا علاج

ہے اگر رقت منی مین لے بشمار | نفع ہوگا اس دوا سی آشکار
مغز لی تخم تر سند یکا تو | بیج سنبل کو بھی کوٹ ای نیکخو
سات ماشی اوسکو تو شکر سی کہا | نفع گیارہ روز مین ہوجائیگا

انجماد منی و تقویت باہ

تخم سرو الی ستقاقل موسلی | لی ساوی اور ثعلب تودری
ایک تولہ کہا اسی شکر کی سات | آٹھہ دس دن دو وہ ای نیکذات

رقت منی کا علاج

گور کہہ املی کی تو پتے توڑ کر | خشک کر سایہ مین اعالی گہر
کوٹ کر شکر سفید او سیمین ملا | آٹھہ ماشے آب تازہ سی کہلا

طلا نہایت ملذذ اور انفعال زن کے لئے کافی

پھٹکری بریان سلارس ایکجا | خوب مل ہکھن کی صورت پر بنا
چار چانول کی رہی مقدار یہ | کر طلا پہر اسکا بالا سے ذکر
صحبت زن سی ملی لذت تمام | ہی مجرب یہہ دوا ای نیکنام

تتمہ نہایت ملذذ آزمودہ انزال زن کی لیے پُر اثر

تتمہ مثل چینی ای فرخندہ فال ۔ اور سہاگہ تیلیہ ہموزن ڈال
پیسکے سمین ملا منہ کا لعاب ۔ کر طلا اوسکا ذکر پر تو شتاب
خشک جب ہوجائے کر عشرت کا کام ۔ صحبت زن سی اٹھا لذت تمام

طلا منزل زن کی لئی بہت اچھا

لی جو کھار اور کچھ مینگن کا مغز ۔ منزل زن کی لئی یہہ بھی نغز
پیسکر دونون مساوی ایکجا ۔ غیر حشفہ تھہ کسی کر لی طلا

طلا عورت کو شرمندہ کرنیکے لئے ٹھیک ہی

لی سلارس اور کر اسکا طلا ۔ ہاں ذکر پر فاصلے سی تین جا
پس عمل کی دیکھہ پھر تاثیر تو ۔ منفعل ہو جائے عورت روبرو

طلا ملذذ مرد و منزل زن

لیکی سیتل چینی اور سہاگ کو ۔ اور سہاگہ تیلیہ ای عیش جو
پیس پھر لاہوری نمک ۔ شہد مین گولی بنا لی شہد و مشک
تتمہ ایک گولی کو پانی مین ذرا ۔ کر طلا جب خشک ہو لذت اٹھا

طلا واسطی سختی قضیب کی اگر نامرد ہو مرد ہو جائی

قسط تلخ اور رُب سہاگہ تیلیا ۔ اور منسل بھی مساوی ایکجا
پھر عرق برگ چنبیلی کا نکال ۔ کوٹ کر سب تیل مین کنجد کی ڈال

آگ پر رکھکر پکا لے خوب سا — جل کی پانی تیل جب رہجائیگا
رکھہ اوسی بوتل مین اے گیتی فروز — ایکدن کی فاصلے سے تین روز
کر کے تہوڑی تیل مین کپڑ کو تر — پہر لپیٹ اوسکو تو بالائی ذکر
سخت اعضائی تناسل ہو تمام — نفع نامردونکو دیتا ہے مدام

طلا تندی و تیزی ذکر کے لئی بینظیر ہی عجب تاثیر ہی

لی کلونجی پاؤ سیر ای نیکنام — تیل پہر پتال جنتر سے نکال
جب ذکر پر تو کری اوسکا طلا — تیزی و تندی بڑہی بی انتہا

شہوت قائم رہنی کی سہل دوا اور باہ زیادہ ہوجانے لئے کیمیا

ہی اگر نقصان شہوت اے عزیز — مین بتاؤن اک مجرب تجہکو چیز
صحبت ن سی جو فرصت پائے تو — تین تولے گڑ منگا کر کہائی تو
پہر وہی پہلی کی تندی ہو نصیب — نفع ہو وہی گہڑی مین اے حبیب
شیر و بالائی سی بڑہکر جان لے — گر نہو باور تو کہا کر مان لے
تو نہ ڈر ہوگا نہ صفرا کا خلل — یہہ منی خارج شدہ کا ہی بدل

فصل چودہوین عورتون کی امراض مین

جس عورتکو حیض نہ آتا ہو جاری کردینی کا علاج

حیض عورت کو اگر آتا ہے کم — ہر مہینی اوسکو ہو درد شکم

وہ کرے بارو تکو پانی مین تر	پانچ دن ہر ماہ پی لے بی خطر

جس عورت کی رحم مین درد قبل آنی حیض ہوا کرتا ہی

اوسکا علاج

جہان لی ریوند چینی پیس کر	پھر ملا دے اوسمین قند حصہ شکر
حیض کی آنیکے قبل ای دلفروز	کہائی عورت بہا...

جس عورت کی کمر مین درد بعد آنی حیض کی ہوتا ہی اوسکا علاج

بیسنا گوگل سہ نخود انداز پر	کہائی گی عورت بوقت شب اگر
پھر نہ ہوئیگا اوسی درد کمر	حیض آنے پر بھی ہوتا ہو اگر

جس عورت کو حیض زیادہ تر آتا ہی اوسکی ترکیب علاج

حیض کی کثرت سی جو عورت ہی تنگ	ڈیڑہ تولہ کہائی گیرو بی درنگ
ہوگا اس گیرو کی کہالینی سی سود	رنگتی ہین جس سی گہر ابا ہنود
سات دنمین فایدہ ہوگا کشیر	ہی مجرب یہہ دوائی بی نظیر

یہہ جموں اوس عورت کی لیئی ہی جسکو حیض کثرت سی آئی

اور بند نہوتا ہو

نیر یہہ ماز و پہٹکری بہونی ہوی	پوست رمان برابر ہون سبہی
کوٹ سے پہر چہان کی پانی ملای	کر کے لت کپڑیکو فوراً اوٹہائی
فرج مین یہہ رکہہ لی کوئی عورت اگر	بند ہوئی حیض جاری سر بسر

مانع اسقاط حمل

ڈر حمل کی ہو اگر اسقاط کا ‏— ترم کو پل لی سنبلا کی ذرا

جوش کر پانی میں اوسکو ملا ‏— تین دن تک حاملہ کو تو پلا

سیلان رحم جسکو سفید یلو یا سرخ یلو کہتے ہین اوسکا علاج

حبر دو دو ہی خشک کر سایہ میں تو ‏— پہر ملا زیرہ سفید اور کو کہرو

تین تولی پہر ملا اوسمین شکر ‏— تو کہلا چہہ ماشہ لیون شام و سحر

